
# علی کی مدد کریں



## مقننہ



**سینیٹ**
**ارکان** 104

**قومی اسمبلی**
**ارکان** 342

علی ایک وفاقی وزیر ہیں جو لاہور سے منتخب ہوئے ہیں۔ لاہور کے رہنے والے اس بات سے بہت پریشان ہیں کہ پرانی اور تاریخی عمارتیں گرا کر اُن کی جگہ نئے تجارتی پلازہ بنائے جارہے ہیں۔
علی جانتے ہیں کہ دوسرے شہروں میں بھی کچھ ایسا ہی ہورہا ہے اور صوبائی حکومتیں اس کو روکنے میں کچھ دلچسپی نہیں لے رہیں۔

اس لیے علی نے فیصلہ کیا ہے کہ پاکستان میں تاریخی عمارتوں کی دیکھ بھال کے لیے ایک نئے محکمے کی ضرورت ہے جو کہ وفاقی حکومت کے ماتحت کام کرے۔
لیکن ایسا کرنے کے لیے ایک نئے قانون کی ضرورت ہے۔ علی پہلی بار وزیر منتخب ہوئے ہیں اس لیے قانون بنانے کے عمل سے اچھی طرح واقف نہیں۔
آپ نیچے دی گئی ورک شیٹ کا استعمال کرتے ہوئے علی کی مدد کریں تاکہ وہ اپنا کام مکمل کر سکیں۔

پہلا مرحلہ:

علی کا پہلا کام نئے قانون کا ________ لکھنا ہے، جو کہ ________ کہلاتا ہے۔
علی کے پاس ایسے لوگوں کی فہرست ہے جو یہ کام کرنے میں اُن کی مدد کر سکتے ہیں لیکن صرف تین لوگوں کی تنخواہ کے پیسے ہیں۔
نیچے دی گئی فہرست میں سے اس کام کے لیے سب سے زیادہ موزوں تین افراد چُننے میں علی کی مدد کریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| کمپیوٹر آپریٹر | ماہر آثارِ قدیمہ | انجینئر | ڈاکٹر |
| درزی | باورچی | وکیل | تاریخ دان |

دوسرا مرحلہ:

آپ کی مدد سے بل تو تیار ہو گیا لیکن علی الجھن کا شکار ہیں کہ اسے کہاں پیش کیا جائے۔ علی کو بتائیے کہ بِل پہلی بار کہاں پیش کیا جاتا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| صوبائی اسمبلی | ایوانِ بالا | قومی اسمبلی |

تیسرا مرحلہ:

بل متعارف کرا دیا گیا ہے لیکن علی ان تمام کاموں کو کرنے کے بعد اب تھک چکے ہیں اور چھٹی پر جانا چاہتے ہیں۔ تاہم اُن کے دوست اس کے خلاف مشورہ دے رہے ہیں۔ آپ جانتے ہیں کیوں؟

________________________________

________________________________

چوتھا مرحلہ:

قومی اسمبلی کے 147 ممبرز یا ارکان نے علی سے وعدہ کیا ہے کہ وہ ان کے بل کی حمایت کریں گے۔ کیا علی کو یقین ہوجانا چاہیے کہ اُن کا یہ بل منظور ہو جائے گا؟ اپنے جواب کی وجہ بتائیں۔

---

---

پانچواں مرحلہ:

علی کو آخر کار اپنا بل منظور کروانے کے لیے کافی ایم این ایز کی حمایت حاصل ہو گئی ہے۔ بل اب ایوانِ بالا میں ہے جہاں سینیٹرز مختلف پارٹیوں میں کچھ اس طرح بٹے ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| بلیو پارٹی | – | 23 ارکان |
| گرین پارٹی | – | 17 ارکان |
| یلو پارٹی | – | 30 ارکان |
| اورنج پارٹی | – | 13 ارکان |
| وائٹ پارٹی | – | 10 ارکان |
| بلیک پارٹی | – | 7 ارکان |
| ریڈ پارٹی | – | 4 ارکان |

اگر علی کو ان میں سے صرف دو پارٹیوں کی حمایت حاصل ہو جائے تو اُن کا بل قانون بن جائے گا۔ انہیں کن دو پارٹیوں پر توجہ دینی چاہیے؟

---

علی نے آپ کے مشورے پر عمل کیا۔ اب آپ ٹیچر سے پوچھیں کہ کیا وہ ایک نیا قانون بنانے میں کامیاب ہوئے یا نہیں۔ ☺